# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 14 May-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۴؍مئی ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کی رائے دہی کا عمل مکمل؛

ریاست کے 298 امیدواروں کا سیاسی مستقبل ای وی ایم مشینوں میں بند۔

☆ اورنگ آباد لوک سبھا حلقے میں رائے دہی کا تناسب تقریباً 61 فیصد؛ جالنہ میں 68 اور بیڑ میں 70 فیصد رائے دہی۔

☆ کیج تعلقے کے کوڑے واڑی میں آبی ذخیرے کے مطالبے پر ووٹروں نے کیا رائے دہی کا مقاطعہ۔

☆ ممبئی میں اشتہاری بورڈ گرنے سے 14 افراد ہلاک‘ 74 زخمی۔

اور۔۔۔☆ CBSE کے دہم اور بارہویں کے نتائج کا اعلان۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے میں 9 ریاستوں اور ایک مرکز کے زیرِ انتظام علاقے میں مجموعی طور پر 96 حلقوں میں چند معمولی واقعات کو چھوڑ کر کل پُر امن رائے دہی عمل میں آئی۔ مراٹھواڑہ کے جالنہ، بیڑ اور اورنگ آباد سمیت ریاست کے 11 انتخابی حلقوں کے 298 امیدواروں کا سیاسی مستقبل الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں میں بند ہوگیا۔ ان تمام نشستوں پر رائے دہی کا وقت مکمل ہونے پر رائے دہی کا تناسب 59 اعشاریہ چھ چار فیصد رہا۔ اورنگ آباد لوک سبھا حلقۂ انتخاب میں 60 اعشاریہ سات چھ فیصد‘ جالنہ 68 اعشاریہ تین صفر فیصد‘ بیڑ 69 اعشاریہ سات چار فیصد‘ نندور بار 67 اعشاریہ ایک دو‘ جلگاؤں 53 اعشاریہ چھ پانچ‘ راویر 61 اعشاریہ دو پانچ‘ شِرور 51 اعشاریہ چار چھ‘ احمد نگر 62 اعشاریہ سات چھ اور شرڈی لوک سبھا حلقے میں 61 اعشاریہ ایک تین فیصد رائے دہندگان نے اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کیا۔

***** ***** *****

اورنگ آباد لوک سبھا حلقے میں شہر کے کئی انتخابی مراکز پر شام میں دیر گئے تک رائے دہندگان کی قطاریں نظر آئیں۔ ضلع کلکٹر اور ڈسٹرکٹ پریسائیڈنگ افسر دلیپ سوامی نے اس ضمن میں بتایا کہ حلقے کے 16 تا 18 مراکز پر ووٹرز نے ووٹنگ کے وقت کے اختتام پر بھی قطاریں لگا رکھی تھیں۔ اُن مراکز کے پریسائیڈنگ افسران نے انھیں چٹھیاں تقسیم کردیں اور اُن کے ووٹ ڈالنے تک ان مراکز پر رائے دہی جاری رکھی گئی۔ اس خصوص میں انھوں نے رائے دہندگان اور انتخابی عمل میں تعاون کرنے والوں کا شکریہ بھی ادا کیا۔

***** ***** *****

اسی دوران انتخابی کمیشن کو دی جانے والی رپورٹ اور ویب کاسٹنگ میں جالنہ لوک سبھا حلقۂ انتخاب' چوتھے مرحلے کے انتخابات میں سرِ فہرست رہا۔ یہ اطلاع جالنہ کے نائب ضلع انتخابی افسر شَشی کانت ہدگل نے دی۔

جالنہ، بیڑ اور اورنگ آباد لوک سبھا حلقے میں نئے رجسٹرڈ رائے دہندگان میں اپنے حقِ رائے دہی کے استعمال کیلئے جوش و خروش دیکھنے کو ملا۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کے کیج اسمبلی حلقہ میں شامل کوڑے واڑی کے ساکن افراد نے رائے دہی کا اجتماعی مقاطعہ کیا۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ ان شہریوں کا علاقے میں ذخیرۂ آب کا مطالبہ ہے۔ اس سلسلے میں ضلع انتظامیہ کے نمائندگان نے کوڑے واڑی کا دورہ کر کے شہریوں سے ملاقات کی تاہم مقامی باشندے بائیکاٹ کے اپنے فیصلے پر قائم رہے۔ بیڑ کے ڈپٹی کلکٹر مہندر کمار نے تیقن دیا ہے کہ اس مسئلے کا بہت جلد حل نکالا جائیگا۔

***** ***** *****

اورنگ آباد لوک سبھا حلقۂ انتخاب میں رائے دہی کیلئے آنے والی خواتین کے بچوں کو سنبھالنے کیلئے ''پالنہ گھر'' کا انتظام کیا گیا تھا۔ رائے دہی مراکز پر بذریعۂ ویب کاسٹنگ نظر رکھی جارہی تھی۔ شہر میں چھ رائے دہندوں کی جانب سے اُنگلی پر لگائی گئی سیاہی پونچھنے کی کوشش کا معاملہ سامنے آیا۔ ان تمام کو پولس نے حراست میں لے لیا۔ ضلع میں ویجاپور میں پانچ اور گنگاپور میں دو ای وی ایم میں نقص پیدا ہو گیا تھا۔ تاہم انتظامیہ کی جانب سے فوری دوسری مشینیں فراہم کر دی گئیں۔

***** ***** *****

جالنہ ضلع میں بھی چند ایک مراکز پر رائے دہی کے آغاز سے قبل ہی ای وی ایم میں تکنیکی نقائص پائے گئے۔ لیکن ان آلات کو فوری طور پر تبدیل کیے جانے کے بعد رائے دہی کا عمل بہتر طور پر مکمل ہوا۔

***** ***** *****

ریاست میں انتخابات کے پانچویں اور آخری مرحلے کی تشہیری مہم تیز ہو چکی ہے۔ اس میں ریاست کے دھولیہ، دِنڈوری، ناسک، پال گھر، بھیونڈی، کلیان، تھانہ اور ممبئی کی چھ نشستیں شامل ہیں۔ بی جے پی کے سرکردہ رہنماء اور وزیرِ داخلہ امیت شاہ نے کل دھولیہ میں مہایوتی کے اُمیدوار سبھاش بھامرے کی اور ہیمنت ساوَرا کی تشہیر کیلئے وسئی میں انتخابی جلسوں سے خطاب کیا۔ دریں اثناء 17 مئی کو مہا وِکاس آگھاڑی کی جانب سے باندرہ - کُرلا کمپلیکس میں مشترکہ انتخابی جلسہ منعقد کیا جائیگا۔ کانگریس صدر ملک ارجن کھرگے، شیوسینا ٹھاکرے گروپ کے سربراہ اُدّھو ٹھاکرے اور راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے سربراہ شرد پوار سمیت کئی قائدین اس جلسے میں شرکت کریں گے۔

***** ***** *****

ممبئی' تھانہ، کلیان اور آس پاس کے دیگر علاقوں میں کل زوردار غیر موسمی بارش ہوئی۔ تیز ہواؤں کے ساتھ ہونے والی اس برسات میں ممبئی کے گھاٹ کوپر میں ایک پیٹرول پمپ پر لگا بڑا اشتہاری بورڈ گر پڑا۔ جس میں 14 افراد ہلاک اور 74 افراد زخمی ہو گئے۔ نیشنل ڈیزاسٹر رِسپانس فورس' پولس' دستۂ آتش فرو اور دیگر امدادی ٹیموں کی جانب سے جائے وقوع پر امدادی کام جاری ہیں۔ وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کل اس علاقے کا دورہ کیا اور حادثے میں اپنی جان گنوانے والے افراد کو فی کس پانچ لاکھ روپئے اور زخمیوں کو سرکاری خرچ پر علاج کروانے کا حکم دیا۔ نائب وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے بھی جائے حادثہ کا دورہ کر کے اعلیٰ سطحی تحقیقات کا حکم دیا۔

***** ***** *****

بہار کے سابق نائب وزیرِ اعلیٰ اور بی جے پی رہنماء سشیل کمار مودی کل نئی دہلی میں عارضۂ سرطان کے باعث چل بسے۔ وہ 72 برس کے تھے۔ ان کی آخری رسومات آج دوپہر پٹنہ میں ادا کی جائیگی۔

***** ***** *****

لاتور میں مراٹھواڑہ مکتی سنگرام کے بزرگ کارکن اور صحافی جیون دھرشہرکر کل لاتور میں چل بسے۔ وہ 96 برس کے تھے۔ شہرکر کی خواہش کے مطابق کل ان کے جسدِ خاکی کو عطیہ کر دیا گیا۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کے امباجوگائی میں ایک خانگی چینل کے صحافی ویبھو گن کوٹکر کل صبح رائے دہی کی خبر دیتے ہوئے چل بسے۔ صبح رائے دہی شروع ہوتے ہی خبریں دینے کیلئے رائے دہی مرکز پر پہنچنے والے ویبھو کو ہارٹ اٹیک ہوا۔ اسپتال لے جائے جانے پر ڈاکٹروں نے انھیں مردہ قرار دیا۔

***** ***** *****

رائے دہی کا تناسب بڑھانے کیلئے انتظامیہ کے ساتھ ساتھ سماجی کارکن بھی سرگرم دکھائی دے رہے ہیں۔ چھترپتی سمبھاجی نگر کے جٹواڑہ علاقے کے حجامت کرنے والے سُمیت پنڈت نے کل ووٹ ڈالنے والے افراد کیلئے خصوصی اسکیم چلائی۔ انھوں نے اس ضمن میں ووٹ ڈالنے والوں کی مفت کٹنگ کی اور خاتون رائے دہندگان کو ناریل اور شال پیش کیے۔

***** ***** *****

مرکزی ثانوی تعلیمی بورڈ CBSE کے جماعت دہم اور بارہویں کے نتائج کل جاری کردیئے گئے۔ بارہویں کا امتحان دینے والے 87 اعشاریہ نو آٹھ فیصد طلبہ نے کامیابی حاصل کی۔ کامیابی کا تناسب گذشتہ برس کی بہ نسبت اعشاریہ چھ پانچ فیصد زیادہ رہا۔ جماعت دہم کے 93 اعشاریہ چھ فیصد طلبہ نے کامیابی حاصل کی۔

***** ***** *****

محکمۂ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ آئندہ اتوار 19 مئی تک مانسون جنوبی انڈمان میں داخل ہوجائے گا۔ اسی دوران وسطی مہاراشٹر، مراٹھواڑہ اور ودربھ کے چند مقامات پر آئندہ ایک دو دِن میں درجۂ حرارت میں اضافے کی پیش گوئی بھی محکمۂ موسمیات نے کی ہے، جبکہ چھترپتی سمبھاجی نگر اور جالنہ ضلع میں آج کیلئے اور بیڑ ضلع میں آئندہ 48 گھنٹوں کیلئے یلو الرٹ بھی جاری کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ-امرتسر-ناندیڑ سچکھنڈ ایکسپریس آئندہ 16 مئی تک جاکھل دُھوری لُدھیانہ کے راستے چلائی جائیگی۔ یہ اطلاع جنوب وسطی ریلوے کی جانب سے دی گئی۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کی رائے دہی کا عمل مکمل؛

ریاست کے 298 امیدواروں کا سیاسی مستقبل ای وی ایم مشینوں میں بند۔

☆ اورنگ آباد لوک سبھا حلقے میں رائے دہی کا تناسب تقریباً 61 فیصد؛ جالنہ میں 68 اور بیڑ میں 70 فیصد رائے دہی۔

☆ کیج تعلقے کے کوڑے واڑی میں آبی ذخیرے کے مطالبے پر ووٹروں نے کیا رائے دہی کا مقاطعہ۔

☆ ممبئی میں اشتہاری بورڈ گرنے سے 14 افراد ہلاک، 74 زخمی۔

اور۔۔۔☆ CBSE کے دہم اور بارہویں کے نتائج کا اعلان۔

***** ***** *****